سوال

(595) سجدہ کی حالت میں پاؤں ملا کر رکھیں یا الگ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز کے سجدہ کی حالت میں پاؤں کس طرح ہوں؟ ملا کر یا علیحدہ علیحدہ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ کی حالت میں ایڑھیاں ملانے کی روایت بیہقی (۲/۱۱٦) میں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے، کہ میں نے رسول ا ﷺ کو سجدہ کی حالت میں پایا، کہ آپ ﷺ اپنی ایڑھیوں کو ملائے ہوئے تھے۔ (صحیح مسلم، بَابُ مَا یُقَالُ فِی الرُّکُوعِ وَالسُّجُودِ، رقم :٤٨٦، سنن ابن ماجہ، بَابُ مَا تَعَوَّذَ مِنْهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ، رقم : ٣٨٤١، السنن الکبریٰ للبیهقی، بَابُ مَا جَاءَ فِی الْمَلْمُوسِ، رقم :٦١٤، سنن الدار قطنی، بَابُ صِفَةِ مَا یُنْقِضُ الْوُضُوءَ وَمَا رُوِیَ فِی الْمُلَامَسَةِ وَالْقُبْلَةِ، رقم :٥١٣)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :525

محدث فتویٰ